# اعتذار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

فقیر کو اِس بات کا پُورا پُورا احساس ہے کہ فقیر فنِ تصنیف کی اہلیت نہیں رکھتا۔ لہٰذا قارئین کرام سے اپیل ہے کہ فقیر کی کوتاہیوں سے چشم پوشی کریں اور "خُذْ مَا صَفٰی دَعْ مَا کَدَرْ" پر عمل کرتے ہوئے دُعا خیر سے نوازیں۔ اگر کوئی خیر اور بھلائی کی بات دیکھیں تو یہ **اللہ** تعالیٰ کی توفیق پر محمول کریں۔

**اللہ** تعالیٰ اِس کتاب کو قبول فرمائے اور فقیر اور فقیر کے والدین نیز جن احباب نے اِس کارِ خیر میں تعاون کیا ہے اُن کے لیے بخشش کا ذریعہ بنائے آمین

بجاہ حَبِیْبِہِ الامین الکریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ الطاہرات المطہرات الطیبات اُمہات المُؤْمِنِیْنَ وذریتہ اِلٰی یوم الدین ○

فقیر ابو سعید غفرلہٗ

marfat.com

اِس کا سبب تو یہ ہے کہ ہم نے خواہشات کو اپنایا اور اُس ذاتِ برکات کے دامن سے دُور ہو گئے ہیں۔ جس ذاتِ والاصفات کو اللّٰہ تعالیٰ نے سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اور ان نت نئی مصیبتوں کا علاج یہ ہے کہ ہم رحمۃ للعٰلمین صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دامنِ رحمت کے ساتھ وابستہ ہو جائیں۔ انسان جتنا ان کے مُبارک قدموں کے قریب ہوتا جائے گا اتنا ہی اُس سے پریشانیاں اور مصیبتیں دُور ہوتی جائیں گی۔ جو اُن کے قدموں سے لگ گیا وُہ بچ گیا اور جو ہٹ گیا وُہ پس گیا۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیجیے، یہ مثال صرف افہام وتفہیم، سمجھنے سمجھانے کے لیے ہے، ورنہ اُن کی شان اس سے بالاو والا، ارفع واعلیٰ ہے۔ مثال یہ کہ چکّی خواہ دستی یعنی گھریلو چکّی ہو یا مشینی، طریقہ کار ایک ہی ہے وُہ یہ کہ درمیان میں ایک مرکز، ایک "کلّی" سی ہوتی ہے جس کے گرداگرد پتھر گھومتا ہے۔ اس کلّی کے سر پر دانے ڈالے جاتے ہیں وُہ دانے جب کلّی کے قدموں سے دُور ہوتے ہیں تو پتھر کی زد میں آجاتے ہیں اور پس جاتے ہیں۔ دانے جتنا کلّی کے قدموں سے دُور ہوں گے اُتنی ہی پتھر کی مار زیادہ پڑے گی۔

آپ ہی سوچ کر بتائیں کہ جو دانہ کلّی کے قدموں کو نہ چھوڑے اُسے پتھر کی گردش کا کیا ڈر؟ اور جب کلّی کا دامن چھوٹ گیا، چکّی کی گردش اُسے نیست و نابود کر دے گی۔ بلاتشبیہ کائنات کا مرکز وُہ ذاتِ گرامی ہے جسے رب تعالیٰ نے قرآن مجید میں "رحمۃ للعٰلمین" کا لقب دیا ہے۔ ساری کی ساری کائنات اُن کے گرد گھوم رہی ہے۔ اور جو شخص اُن کے قدموں سے لپٹا رہے اُسے گردشِ زمانہ کا کیا خوف؟



marfat.com

اُسے گردشِ زمانہ اُس وقت ہی اپنی لپیٹ میں لے گی جب وُہ مرکزِ کائنات کا دامن چھوڑ دے گا۔

لہٰذا ہمارے حادثاتِ زمانہ سے پریشانیوں اور مصیبتوں سے بچے رہنے کا ایک ہی ذریعہ ہے کہ ہم رحمۃ للعٰلمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مُبارک قدموں کے قریب ہوتے جائیں۔ اور قُرب کا ذریعہ ہے "دُرودِ پاک کی کثرت"۔

رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُهُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً" (دلائل الخیرات)

لوگوں میں سے میرے زیادہ قریب وُہ ہے جو مجھ پر دُرودِ پاک کی کثرت کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی حَبِیْبِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ

میرے عزیز بھائی! دُرودِ پاک کے بے شمار اور اَن گنت فوائد ہیں جن میں سے ۲۷ تحریر کیے گئے ہیں، یہ سارے کے سارے فائدے بلاشک و شبہ تجھے حاصل ہوں گے مگر تو اُن کا بن کر تو دیکھ! اور اگر تو اُن سے بیگانہ رہے اور کہتا پھرے کہ میرا فلاں کام نہیں ہوا، فلاں نہیں ہوا، تو قصُور تیرا اپنا ہے۔ آفتاب تو پُوری آب و تاب کے ساتھ طلُوع ہو چکا ہے اور پُورے جہان کے لیے بلکہ سب جہانوں کیلئے فیض رساں ہے لیکن اگر شپرہ چشم کہتا پھرے کہ آفتاب نہیں ہے تو قصُور اُس کا اپنا ہے۔ آفتاب کی فیض رسانی میں کوئی کمی نہیں ہے۔ اے مرے عزیز! اُن کا دامن



marfat.com

پکڑ لے اور اُن کو اپنے دل میں جگہ دے۔ ؎

در دلِ مُسلم مقامِ مصطفٰے است (صلی اللہ علیہ وسلم)

آبروئے ما ز نامِ مصطفٰے است (اقبال علیہ الرحمہ)

دل میں حبیبِ خدا، سید الانبیاء صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین کی محبت و عظمت پیدا کر! کیوں کہ جو دل اُن کی محبت و عظمت سے خالی ہے اُس کے درودِ پاک پڑھنے کا وزن مچھر کے پَر کے برابر بھی نہیں ہے۔

ثَلَاثَةُ اَشْيَاءَ لَا تَزِنُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ اَحَدُهَا الصَّلٰوةُ بِغَيْرِ خُضُوْعٍ وَخُشُوْعٍ وَالثَّانِي الذِّكْرُ بِالْغَفْلَةِ لِاَنَّ اللهَ تَعَالٰى لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءَ قَلْبٍ غَافِلٍ وَالثَّالِثُ الصَّلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ غَيْرِ حُرْمَةٍ وَنِيَّةٍ (درة الناصحين ص ۶۸)

اے عزیز! حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی دین ہیں۔ ان کی محبت ایمان ہے۔ ان کی محبت ایمان کا رُکن ہے۔ ان کی محبت ایمان کی شرط ہے۔ ؎

بمصطفٰے برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست (صلی اللہ علیہ وسلم)

گر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی ست (اقبالؒ)

مطالع المسرات میں ہے:

فَاَصْلُ الْاِيْمَانِ مَشْرُوْطٌ بِاَصْلِ الْحُبِّ وَكَمَالُ الْاِيْمَانِ مَشْرُوْطٌ بِكَمَالِ الْحُبِّ ص ۶

اصلِ ایمان کے لیے اصلِ محبت شرط ہے اور ایمان کے کامل ہونے



marfat.com

طرف سے ایمان کا نُور نہیں ہے۔ یہ سُن کر ایک اللہ والے نے فرمایا "ارے کیا کہتا ہے؟ کیا اگر ہم وُہ نُور جو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے پہنچ رہا ہے کاٹ دیں اور تیرے پاس وُہ ہدایت وُہ راہنمائی رہ جائے جس کا تُو ذکر کرتا ہے کیا تجھے یہ منظور ہے اُس نے کہا مجھے منظور ہے، اتنا کہنا تھا کہ وُہ بدنصیب صلیب کے سامنے سجدہ ریز ہوگیا اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسُول کے ساتھ کافر ہوگیا اور وُہ کُفر پہ ہی مرگیا۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ (الابریز صفحہ ۲۲۹)

حضرت ابوالعباس تیجانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

فَمَنْ طَلَبَ الْقُرْبَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالتَّوَجُّهَ اِلَيْهِ دُوْنَ التَّوَسُّلِ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُعْرِضًا عَنْ كَرِيْمِ جَنَابِهٖ وَمُدْبِرًا مِنْ تَشْرِيْعِ خِطَابِهٖ كَانَ مُسْتَوْجِبًا مِنَ اللّٰهِ غَايَةَ السَّخَطِ وَالْغَضَبِ وَغَايَةَ اللَّعْنِ وَالْبُغْضِ وَضَلَّ سَعْيُهٗ وَخَسِرَ عَمَلُهٗ (سعادت الدارین صفحہ ۲)

جو شخص حبیبِ خُدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے وسیلہ کے بغیر حضور کی جناب سے منہ پھیر کر اللہ تعالیٰ کا قُرب چاہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا چاہے وُہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انتہا درجہ کی ناراضگی اور غضب کا حقدار ہے وُہ غایت درجہ کی دُوری اور لعنت کا مستحق ہے اُس کی ساری کی ساری کوشش رائیگاں ہیں اور اُس کے اعمال خسارہ ہی خسارہ ہیں۔ نعوذ باللہ الکریم۔

اے میرے عزیز! اگر کوئی اِس غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب



marfat.com

دوزخ سے بچنے کا ذریعہ ہے۔ سیّدی المکرم حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں "ایک دفعہ دوزخ کا خوف مجھ پر غالب ہوا میں عالمِ بالا میں سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا "جو ہم سے محبت رکھتا ہے وُہ دوزخ نہ جائے گا۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ ص۳۰۹)

الحاصل محبُوبِ کبریا، شاہِ انبیاء صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین کی محبت کے بغیر کچھ بھی نہیں، پہلے تو دل میں محبّت پیدا کر! اُن کی عظمت دل میں بٹھا اور محبت کا تقاضا ہے کہ تُو اپنے بیگانے کو پہچان، جو اُن کا ہے تُو بھی اُن کا بنے جو اُن سے بیگانہ ہے تُو بھی اُن سے بیگانہ رہے اگر ایسا ہو کر درُود پاک پڑھے تو رحمت کے دروازے تیرے لیے کھل جائیں گے، جتنے فوائد درُودِ پاک کے ذکر ہوئے ہیں اُن سے ہزار گُنا فوائد کا تُو مستحق ہو گا، وگرنہ محرومی کے سوا تجھے کچھ نہ ملے گا۔

اب اپنے بیگانے کی پہچان کیا ہے؟ تو فقیر عرض گزار ہے اَلْاِنَاءُ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْہِ یعنی برتن سے وہی چھلکتا ہے جو اُس کے اندر ہوتا ہے محبّت والوں کی زبان و قلم سے تو محبّت و عظمت کی باتیں سُنے گا۔ اور بیگانوں کی زبان و قلم سے بیگانگی کی باتیں سُنے گا۔

خواجہ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشادِ مُبارک:

ا۔۔۔ عام مومنوں کے مقام کی انتہا ولیوں کے مقام کی ابتدا ہے۔
ولیوں کے مقام کی انتہا شہیدوں کے مقام کی ابتدا ہے۔
شہیدوں کے مقام کی انتہا صدیقوں کے مقام کی ابتدا ہے۔



marfat.com

بیگانے کے درمیان تمیز کرنا آسان ہو جائے۔

۱۔۔۔ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑی ہو یا چھوٹی وُہ اللہ تعالیٰ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۱۵)

۲۔۔۔ سارا کاروبارِ جہاں اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسُول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ (تقویۃ الایمان ص۱۷)

۳۔۔۔ پیغمبر کا صرف اتنا ہی کام ہے کہ وُہ بُرے کام سے ڈرائے اور بھلے کام پر خوشخبری سنائے۔ (تقویۃ الایمان ص۲۸)

۴۔۔۔ اولیاء وانبیاء وامام زادہ پیر وشہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وُہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی ہیں۔ (تقویۃ الایمان)

۵۔۔۔ رسُول اللہ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں ہے۔ (معاذ اللہ)

(براہین قاطعہ ص۵۱)

۶۔۔۔ شیطان وملک الموت کو روئے زمین کا علم محیط ہے۔ (معاذ اللہ)

(براہین قاطعہ ص۵۱)

یہ چند عبارتیں بطورِ نمونہ صرف اپنے مسلمان بھائیوں کی خیر خواہی کے لیے درج کی گئی ہیں۔ جس مسلمان کے دل میں محبتِ رسُول اور عشقِ مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہوگا وُہ بڑی آسانی سے اپنے بیگانے کو پہچان لے گا، لیکن جو دل عشقِ مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے خالی ہوگا وُہ اپنے آپ کو خود جلانے اور اس کا کام۔

یا اللہ ہمیں نظرِ بصیرت عطا کر کہ ہم اپنے بیگانے کو پہچانیں اور ہم قبر کے عذاب سے نیز قیامت کی رسوائی سے بچ جائیں۔



marfat.com

اے اللہ تعالیٰ وہ عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کہ سیدنا صدیقِ اکبر کو ملا جو خواجہ اویس قرنی کو نصیب ہوا، ہمیں بھی اس سے وافر حصہ عطا فرما۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

اے میرے عزیز! جبکہ تجھ پر روشن ہو گیا کہ محبت و عظمتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بغیر کچھ بھی نہیں اور اب تیرا دل عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے جگمگا اُٹھا تو اب اس لازوال دولت، بے مثال نعمت اور دونوں جہاں کی سعادت (دُرودِ پاک) کی طرف آ اور ہمت سے آگے بڑھ۔ میرے بھائی یہ وُہ دولت ہے کہ جس کی انتہا نہیں ہے۔ جس نے دُرودِ پاک کو لے لیا اُس نے دونوں جہاں کو لے لیا۔ منقول ہے کہ سُلطان محمُود غزنوی نے ایک دن دُنیاوی دولت کے اَنبار لگوائے ہر قسم کی چیزیں اور نعمتیں رکھ دیں اور اپنے غلاموں لونڈیوں کو بُلا کر کہا "جس کا جو دل چاہے وُہ لے لے"۔ کسی نے کوئی چیز اُٹھائی اور کسی نے کوئی چیز، لیکن ایاز خاموش کھڑا رہا جب ساری چیزیں لے لی گئیں تو سُلطان محمُود نے ایاز سے پوچھا "تُو نے کچھ نہیں لیا؟" ایاز نے جواب دیا "میں نے سب کچھ لے لیا" اور یہ کہہ کر بادشاہ کے سر پر ہاتھ رکھ دیا اور کہا "جب میں نے بادشاہ لے لیا تو ساری بادشاہی لے لی"۔

یوں ہی بلا تشبیہہ باقی اوراد و وظائف اپنی اپنی جگہ صدہا برکتوں کا ذریعہ ہیں لیکن جس نے دُرودِ پاک کو لے لیا اُس نے شاہِ کونین رحمۃ للعلمین صلی اللہ علیہ وسلم کو لے لیا جسے سارے جہانوں کی رحمت مل گئی اُسے سب کچھ مل گیا، لیکن یہ بھی یاد رکھو کہ اس سعادت کا تاج ہر کس و ناکس کے سر پر نہیں رکھا جاتا اور شاہی باز کی خوراک مردار خور گدھ کے منہ میں نہیں



marfat.com

ڈالی جاتی بلکہ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشآء۔ یہ دولت کسی اُونچی قسمت والے کو حاصل ہوتی ہے
اے عزیز! جس جماعت نے پُوری محنت اور مجاہدہ سے اپنی جان کو پاک کیا ہے، یہ عزت و اقبال کا تاج اُنھیں کے سر پر رکھا جاتا ہے۔ اگر تجھ میں ہمت ہے تو اس چند روزہ اور فانی دُنیا میں اپنے اُوپر آرام کا دروازہ بند کر کے دُنیا کی آسودگی کو رُخصت کر اور بہادرانہ طریقے سے اس میدان میں بازی جیت لے تاکہ بازی جیتنے والوں میں تیرا نام بھی لکھ دیا جائے، اور تو بھی انعام و اکرام کا حقدار ٹھہرے۔

جو لوگ کوشش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی توفیق بھی اُن کے شاملِ حال ہوتی ہے۔ " والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا " (قرآن مجید)

اللہ تعالیٰ مجھ فقیرِ بے نوا کو آپ سب بھائیوں کو اس چشمۂ آبِ حیات سے سیر ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

و ھو حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النّصیر وصلّی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ رحمۃ للعٰلمین شفیع المذنبین اکرم الاوّلین والآخرین وعلیٰ آلہٖ وَاصحابہٖ وازواجہِ الطّاھرات المطھّرات الطیّبات اُمھات المؤمنین و ذُرّیاتہٖ واصھارہ وانصارہ وَاولیاءِ امّتہٖ وعلماءِ ملّتہٖ اجمعین سُبحان ربّك رَبِّ العزّت عمّا یصفون وسلام علی المرسلین والحمدُ للہ رَبّ العٰلمین ؀

فقیر ابو سعید غفرلہٗ



marfat.com

خُوب جل رہی ہے مگر ان کا کپڑا تک نہیں جلا۔

آخر اُن کو بلایا گیا تو وُہ خاموش کھڑے رہے، بہت آوازیں دیں تو وُہ کسی قدر باہر آئے تو لوگوں نے اُن کا ہاتھ پکڑ کر باہر نکالا، بدن پر پسینہ تھا خلیفہ صاحب نے پُوچھا کیا حال ہے؟ عرض کیا جب میں اس دہکتے ہوئے آوہ میں داخل ہوا تو مدینہ منورہ کی طرف خیال کر کے درُود شریف پڑھنے لگا اچانک مدینہ منورہ کی طرف سے ایک نُور آیا جسے میں نے چادر کی طرح اپنے تمام جسم پر لپیٹ لیا اور آگ کی گرمی مجھے بالکل محسوس نہیں ہوئی اور یہ جو میرے بدن پر پسینہ ہے یہ آگ کی گرمی سے نہیں بلکہ اُس نُور کی گرمی سے آیا ہے۔

(ذکرِ خیر صفحہ ۱۴۹)

۱۷ــــ میرے پاس محلّہ دھوبی گھاٹ فیصل آباد سے ایک صاحب بنام خلیل الرحمان صاحب آئے اور کہا کہ میں آپ کو ایک واقعہ سُنانے آیا ہوں لہٰذا آپ بیٹھیں اور توجّہ کے ساتھ سُن لیں۔ ہم مسجد گلزارِ مدینہ میں بیٹھ گئے۔ خلیل الرحمان صاحب نے بتایا کہ میرا ایک دوست ہے جس کا نام شاہد محمود ہے اس کی شادی کو کئی سال گزر گئے لیکن وہ اولاد کی نعمت سے محروم رہا بسیار کوشش کے باوجود وہ کامیاب نہ ہوا۔ مجھے پتہ چلا تو میں نے اُٹھائی کتاب آبِ کوثر اور اس دوست کے ہاں چلا گیا ملاقات ہوئی تو میں نے اسے کتاب آبِ کوثر دی اور کہا کہ اس کو پڑھو اور درُود پاک کی کثرت کرو پھر دیکھو اللہ تعالیٰ کا کرم اور اس کی عنایت اور یہ تقریباً دس گیارہ ماہ کی بات ہے اِس



marfat.com

صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے وافر حصہ عطا فرمائے یہی سرمایۂ حیات ہے اور یہی ذریعۂ نجات، یہی معرفتِ الٰہی کا باب ہے اور یہی مدارِ حسنات ہے۔

وَاللہ تَعَالیٰ الموفق و نعم الوکیل وَصَلّی اللہُ تَعَالیٰ عَلیٰ حَبِیْبِہٖ سَیّدِ الانبیاء سند الاصفیا وَعَلیٰ آلِہٖ وَاصحابِہٖ وازواجہٖ الطاھرات الطیّبات اُمّھات المؤمنین وذریّتہٖ وَاَولیاء اُمّتہٖ و علماء ملتہ الیٰ یوم الدین وَسَلامٌ عَلَی المرسلین وَالحمدُ لِلّٰہِ رَبّ العٰلمین ○

——— فقیر ابوسعید محمد امین غفرلہٗ والوالدیہ

۱۵؍ جمادی الاوّل ۱۴۱۰ھ



marfat.com

صلی اللہ علیٰ حبیبہٖ سیدنا محمد والہٖ وسلم

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | نام مضامین |
|---|---|
| ۵ | ابتدائیہ |
| ۱۰ | درود پاک کے ۲۷ فائدے |
| ۱۹ | محبتِ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ایمان ہے |
| ۲۱ | حضور کے وسیلہ کے بغیر قربِ خدا چاہنے والا مردود ہے |
| ۲۳ | مقامِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم از خواجہ بسطامی قدس سرہٗ |
| ۲۴ | سیدنا امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول مبارک |
| ۲۴ | ساری خدائی کے مہتمم اعلیٰ حبیب خدا ہیں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| ۲۵ | قاسم جنت حضور ہیں (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) |
| ۲۷ | بیگانگی کی چند مثالیں |
| ۳۰ | پہلا باب : درودِ پاک کی فضیلت احادیث مبارکہ سے |
| ۴۲ | آبِ کوثر صحیح العقیدہ کو ہی نصیب ہوگا |
| ۱۱۶ | دوسرا باب : درودِ پاک کی فضیلت اقوال مبارکہ سے |
| ۱۳۸ | تیسرا باب : درودِ پاک کے متعلق واقعات |
| ۱۳۸ | دُنیاوی پریشانیوں اور مصیبتوں کا مداوا |
| ۱۶۵ | انحصار بول کا علاج |
| ۱۶۹ | درودِ پاک کی برکت سے رہائی مل گئی |
| ۱۷۳ | درودِ پاک کی برکت سے عید ہوگئی |
| ۱۷۴ | درودِ پاک کی برکت سے دُنیاوی انعامات |


marfat.com

صلی اللہ علیٰ حبیبہ سیدنا محمد وآلہ وسلم

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| درودِ پاک کی برکت سے مسخ شدہ صُورت منور ہو گئی | ۱۷۶ |
| درود پاک کی برکت سے لاکھ کی شفاعت | ۱۹۷ |
| شیخ محمد بن سلیمان جزولی کا ۷۵ سال بعد جسم تروتازہ | ۲۱۲ |
| گستاخ صحابہ کی توبہ | ۲۱۳ |
| شاہ عبدالرحیم کو موئے مبارک عطا ہوئے | ۲۱۷ |
| دُرود پاک کی برکت سے جان کنی میں آسانی | ۲۲۲ |
| سوسالہ گنہگار بخشا گیا | ۲۲۲ |
| خلاد بن کثیر کو بخشش کی نوید | ۲۲۳ |
| دُرود پاک کی برکت سے مسجد منور ہے | ۲۲۷ |
| قبر میں انعامات | ۲۲۷ |
| معذب لڑکی کو نورانی تاج | ۲۳۲ |
| باآوازِ بلند دُرود پاک پڑھنے سے سارے بخشے گئے | ۲۴۱ - ۲۳۴ |
| علمائے کرام کو انعامات | ۲۳۵ |
| دُرود پاک کی برکت سے آخرت میں انعامات | ۲۳۶ |
| سیّد العالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایمان کے ضامن بن گئے | ۲۳۹ |
| حصولِ شفاعت کے لیے دُرود پاک کی کثرت | ۲۵۸ |
| دُرود پاک میں بخل کرنے والوں کا انجام | ۲۶۲ |
| محدّث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کے جنازہ پر نور کی بارش | ۲۶۷ |
| گستاخی کرنے والوں کا انجام | ۲۶۸ |
| ادب کرنے والوں کو اِنعام | ۲۷۲ |
| دُرود پاک پڑھنے کے آداب | ۲۷۴ |
| دُرود پاک کے صیغے | ۲۷۷ |
| آبِ کوثر کے متعلق بشارات | ۲۸۷ |

marfat.com

